9 Jun,2008

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر انتظام غریب بچوں کو اسکول کورس کی مفت فراہمی ایجوکیشن ایڈ پروجیکٹ یکم جون تا 31 جولائی تک جاری رہے گا۔

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے غریب و نادار طالبعلموں کو اسکول کورس کی مفت فراہمی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اسکول کورسز نرسری سے لے کر میٹرک تک کے طالبعلموں کو دیے جا رہے ہیں۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل پچھلے بارہ برسوں سے ایجوکیشن ایڈ پروجیکٹ کے تحت مستحق طلباء و طالبات کو تعلیمی اخراجات کی مد میں معاونت فراہم کر رہا ہے۔گزشتہ برس اسی پروجیکٹ کے تحت تقریباً 15 ہزار بچوں کو اسکول کورسز دیے گئے تھے۔غریب اور مستحق طلباء و طالبات کے والدین اس پروجیکٹ سے مخصوص طریقہ کار کے تحت استفادہ حاصل کر سکتے ہیں جو یکم جون 2008 تا 31 جولائی 2008 تک روزانہ سہ پہر 3 تا شام 5 بجے بلاتعطل دو ماہ تک جاری رہے گا۔

روزافزوں گرانی اور اشیائے صرف کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے سبب غریب آدمی آجکل جس اذیت سے دوچار ہے اس میں یہ پروجیکٹ اندھیرے میں روشن کرن کے مترادف ہے۔ایجوکیشن ایڈ پروجیکٹ کے علاوہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ روزانہ 500 غریب مریضوں کا مکمل مفت علاج ،غریب بچیوں کی شادی میں معاونت، سفید پوش خاندانوں میں راشن کی تقسیم، ایمبولینس سروس کی فراہمی ،اور حج کے موقع پر خدمات میں بھی پیش پیش ہے۔

#